12/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شبیر الزمان** سے خبریں سُنئے

**11 سال**

سرکار کے سیوا ،سشاسن اور غریب کلیان کے گیارہ سال کے دوران مختلف NDA مرکز میں شعبوں مینحاصل پیش رفت کی بنا پر بھارت میں خود انحصاری کی بنیاد مضبوط ہو رہی ہے ۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل سیکٹر کی حصولیابیوں کواجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ فعال ڈیجیٹل خدمات کے نتیجے میں عوام کی زندگی میں کافی آسانیاں پیدا ہوئی ہےں۔ ڈیجیٹل شعبے کی بات کریں تو ملک میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد 25 کروڑ سے بڑھ کر 97 کروڑ تک پہنچ گئی ہے ، جبکہ براڈ بینڈ صارفین کی تعداد 6 اعشاریہ ایک کروڑ سے بڑھ کر 94 کروڑ تک پہنچ گئی ہے ۔ ڈیجی لاکر بھی مودی سرکار کی ایک اہم دین ہے جو کہ اب دنیا کا سب سے بڑا ڈیجیٹل لاکر ہے اور اس کے صارفین کی تعداد 51 کروڑ چھ لاکھ ہےملک میں کامن سروس سینٹروں کی تعداد جو پہلے محض 84 ہزار تھی وہ اب پانچ لاکھ 97 ہزار سے بھی زیادہ پہنچ گئی ہے ۔

**نائب وزیراعلیٰ**

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کشمیری دستکاری مصنوعات کو فروغ دینے کے لئے ایک جامع لائحہ عمل مرتب کرنے پر زور دیا ہے ۔ وہ کشمیر ہاٹ سرینگر میں ہتھکر گا میلے کے افتتاح کے موقعے پر بول رہے تھے ۔ میلے کا اہتمام محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر نے ٹیکسٹائلز کی مرکزی وزارت کے ڈیولپمنٹ کمشنر ہینڈ لومز کے اشتراک سے کیا ہے ۔ نائب وزیراعلیٰ نے اس موقعہ پر کئی سٹالوں کا معائینہ کیا ۔

**جاوید احمد رانا**

جل شکتی کے وزیرجاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود کے معاملات کو اُجاگر کرتے رہنا ایک قابلِ تحسین عمل ہے اور حکومت اِس ضمن میں سنجیدگی سے اَقدامات کرے گی۔ وہ سرینگر میں ان سے ملنے آئے کئی عوامی وفود سے بات کر رہے تھے ۔ وزیر موصوف سے ایم ایل اے بارہمولہ جاوید احمد بیگ کی قیادت میں ایک وفد کے علاوہ ترال اور شوپیان کے وفود نے ملاقات کی ، جنہوں نے ان کی نوٹس میں اپنے اپنے علاقوں کے کئی معاملات لائے ۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں جموں و کشمیر کی ثقافت اور منفرد طرز تعمیر کے احیاء، بحالی اور تحفظ کا جائزہ لینے کے سلسلے میں محکمہ کلچر کے افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے کیپیکس بجٹ اور ثقافت کے تحفظ سے متعلق سکیم کے تحت در دست لئے گئے تمام کاموں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔ چیف سیکریٹری نے ماضی کی مالا مال میراث کو آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ کرنے پر زور دیا ۔

## پرکاش پورب

آج گرو ہر گوبند صاحب جی مہاراج کے پرکاش پورب کے سلسلے میں متعدد تقریبات کا انعقاد ہو رہا ہے ۔ وادی میں سب سے بڑی تقریب گردوارہ چھٹی پادشاہی کاٹھی دروازہ سرینگر میں اس وقت جاری ہے ۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور IGP کشمیر وی کے بردی نے اس موقعہ پر عوام خاص طور پر سکھ برادری کو مبارک باد پیش کی ہے ۔

## ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے شیعہ برادری کے کچھ سرکردہ لیڈروں سے ملاقات کر کے آنے والے محرم الحرام کے سلسلے میں کئے جانے والے انتظامات اور تیاریوں پر بات چیت کی ۔ اس دوران انہوں نے یاترا کیمپ پنتھہ چوک سرینگر کا دورہ کر کے آئندہ یاترا کے سلسلے میں وہاں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا ۔دریں اثناءڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے بھی شادی پورہ میں عارضی یاترا کیمپ کا دورہ کر کے وہاں یاتریوں کے لئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔

## ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی تازہ پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقین پر زور دیا کہ سکیم کے تحت زیادہ سے زیادہ لوگوں کا احاطہ کیا جائے ۔ایک علیحدہ پروگرام میں انہوں نے ضلع سطح کی سینک بورڈ میٹنگ کی بھی صدارت کی ۔ ڈپٹی کمشنر موصوفہ نے زیارت مقام شاہ ولیؒ دروگمُلہ کا دورہ کر کے وہاں سالانہ عرس کے سلسلے میں انتظامات کا جا ئزہ بھی لیا ۔

## ڈپٹی کمشنر شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے کہا ہے کہ مقامی انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ عوامی مفاد کے لئے فوری ردِ عمل کا اظہار کرنے والا بنے ۔ وہ رام نگری شوپیان میں منعقدہ بلاک دِوس کے پروگرام میں بول رہے تھے ۔بلاک دِوس میں مقامی لوگوں اور وفود نے عوامی نوعیت کے معاملات ابھارے۔پروگرام میں مختلف محکموں کے افسران بھی موجود تھے ۔

**تبادلے**

جموں کشمیر سرکار نے کئی IAS اور JKAS افسران کا تبادلہ عمل میں لایا ہے ۔ ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ اب ڈپٹی کمشنر بڈگام ہوں گے اور ان کی جگہ اکشے لابرو ڈپٹی کمشنر سرینگر ہوں گے ۔ محکمہ سائنس و ٹیکنالوجی کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت کا تبادلہ اب محکمہ خوراک اور امور صارفین میں کیا گیا ہے ۔ ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری سائنس و ٹیکنالوجی کے جبکہ ڈاکٹر پیوش سنگلا محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سیکریٹری کے بطور ڈاکٹر اویس احمد اب ڈائریکٹر فوڈ ، سول سپلائز اور SMC تعینات کئے گئے ہےں ۔ کمشنر کنزیومر افیرس ہوں گے ۔

**عالمی دن**

آج بچہ مزدوری کے خلاف عالمی دن ہے ۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے " پیش رفت واضح ہے لیکن ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، آئیے اپنی کوششیں تیز کریں " ۔اس دن کے موقعہ پر بچہ مزدوری کے خلاف دنیا بھر میں آج جانکاری پروگراموں کا اہتمام ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ